TUE.12.Dec.2023
VOLUME:18 NO:318
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

waraquetaza.com
www.facebook.com/waraquetazaonline
waraquetaza.com/E-paper

روزنامہ
Established: May 1994 قائم شدہ:مئی

# ورقِ تازہ
ناندیڑ

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED

Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com

HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر:محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑاور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروزمنگل 12/ڈسمبر 2023
جلد:18 شمارہ 318
27/جمادی الاولیٰ 1445ھ
قیمت:00=3 روپے
صفحات:4



Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
کنگن جویلرس
KANGAN JEWELLERS
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کر دیئے جاتے ہیں۔


# جموں وکشمیر میں ستمبر 2024 تک اسمبلی الیکشن کرادینے کا حکم

## کشمیر کو خصوصی حیثیت دینے والے آرٹیکل 370 کا خاتمہ برقرار





نئی دہلی: سپریم کورٹ نے پیر کے دن مرکز کے دفعہ 370 (سابق ریاست جموں وکشمیر کو خصوصی موقف عطا کرنے والی دفعہ) کی برخاستگی کے فیصلہ کو متفقہ طور پر برقرار رکھا اور جلد سے جلد ریاستی درجہ کی بحالی اور آئندہ سال 30 ستمبر تک اسمبلی الیکشن کرادینے کی ہدایت دی۔ کئی دہوں سے جاری بحث ختم کرتے ہوئے چیف جسٹس (سی جے آئی) ڈی وائی چندر چوڑ نے دستوری اسکیم کی برخاستگی کو جائز ٹھہرایا۔ 1947 میں ہند۔یونین میں الحاق کے وقت جموں وکشمیر کو دفعہ 370 کے تحت خصوصی موقف عطا کیا گیا تھا۔ اپنے لئے اور جسٹس بی آر گوائی‘ جسٹس سوریہ کانت کے لئے فیصلہ لکھتے ہوئے سی جے آئی نے کہا کہ دفعہ 370 عارضی دفعہ تھی اور صدر جمہوریہ کو سابق ریاست کی دستوری اسمبلی کی غیر موجودگی میں اسے ہٹادینے کا اختیار حاصل ہے۔ جسٹس سنجے کشن کول اور جسٹس سنجیو کھنہ نے علیحدہ فیصلے لکھے لیکن اختلاف نہیں کیا۔ سپریم کورٹ نے 5 اگست 2019 کو جموں وکشمیر کو کاٹ کر لداخ کو مرکزی زیر انتظام علاقہ بنانے کے فیصلہ کو بھی جائز ٹھہرایا۔ حکومت نے اس دن دفعہ 370 برخاست کرکے ریاست کو 2 مرکزی زیر انتظام علاقوں جموں کشمیر اور لداخ میں بانٹ دیا تھا۔ متعلقہ خبریں سی جے آئی نے کہا کہ ہم ہدایت دیتے ہیں کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا 30 ستمبر 2024 تک جموں وکشمیر میں اسمبلی الیکشن کرادینے کے اقدامات کرے۔ ریاست کا درجہ بہ عجلت ممکنہ بحال کردیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ الحاق کے بعد سابق ریاست جموں وکشمیر کے پاس کسی بھی قسم کا کوئی اقتدارِ اعلیٰ باقی نہیں رہا تھا۔ جسٹس کول نے اپنے فیصلہ میں کہا کہ دفعہ 370 کا مقصد جموں وکشمیر کو دھیرے دھیرے دیگر ہندوستانی ریاستوں کے برابر لانا تھا۔ انہوں نے ایک غیر جانبدار کمیشن قائم کرنے کی ہدایت دی جو کم ازکم 1980 سے اسٹیٹ اور نان اسٹیٹ ایکٹرس دونوں کی طرف سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کرے۔ انہوں نے کہا کہ زخم بھرنے کی ضرورت ہے۔ سابق ریاست سے تعلق رکھنے والے جسٹس کول نے کہا کہ مرد وخواتین اور بچوں نے گڑبڑ زدہ صورتِ حال کی بھاری قیمت چکائی ہے۔ گڑبڑ زدہ علاقہ کے عوام کے انسانی حقوق کی پامالیوں پر انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں کئی رپورٹس آچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن‘ متاثرین کو موقع فراہم کرے گا کہ وہ اپنی بپتا سنائیں۔ جسٹس کول نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں ایسا ہی کمیشن رنگ ونسل کے بھید بھاؤ کے دوران انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کے لئے بنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں وادیٔ کشمیر کے مختلف طبقات ایسے کمیشن کے قیام کا مطالبہ کرچکے ہیں۔ سابق چیف منسٹر جموں وکشمیر عمر عبداللہ بھی ریاست میں ٹرتھ اینڈ ری کنسیلیشن کمیشن کے قیام کا مطالبہ کرتے رہے ہیں تاکہ عرصہ سے جاری تشدد سے متاثرہ پنڈت اور مسلم دونوں برادریوں کے مسائل کی یکسوئی ہو۔ جسٹس کول نے خبردار کیا کہ یہ کمیشن فوجداری عدالت میں تبدیل نہ ہو۔ اسے انسانیت کو ملحوظ رکھنا ہوگا۔ یہ کمیشن ڈائیلاگ کی بنیاد پر ہو‘ مختلف آراء قبول کی جائیں اور سبھی کی بات سنی جائے۔ فیصلہ کی خبر آتے ہی۔ ڈیموکریٹک پروگریسیو آزاد پارٹی (ڈی پی اے پی) کے سربراہ غلام نبی آزاد نے کہا کہ فیصلہ افسوسناک اور بدبختانہ ہے لیکن قبول کرنا پڑے گا۔ سابق چیف منسٹر جموں وکشمیر نے کہا کہ خطہ کے لوگ خوش نہیں ہیں۔

## خواجہ معین الدین چشتیؒ کی شان میں

# ’اوپ انڈیا‘ کی مدیر نوپور جے شرما کی گستاخی

## سوشل میڈیا پر ناراضگی کا بازار گرم،گرفتاری کا مطالبہ!



اجمیر: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) ہندوتوا ایجنڈا کو عام کرنے والا چینل ’اوپ انڈیا‘ اسلام مخالف نظریات کو پھیلانے اور اسلام پر حملہ کرنے سے کبھی باز نہیں آتا۔ اس چینل کے ساتھ جڑے صحافی بھی اکثر اسلامی تعلیمات اور مسلم شخصیات کے خلاف زہر اگلتے رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں ’اوپ انڈیا‘ کی مدیر نوپور جے۔شرما نے بھی ایک انتہائی متنازعہ بیان دیا جس سے سوشل میڈیا پر ناراضگی کا ایک بازار گرم ہو چکا ہے۔ انھوں نے ایک انٹرویو کے دوران عظیم صوفی سنت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی شان میں گستاخی کرتے ہوئے زانی وقاتل بتا دیا۔ اس انٹرویو کی ویڈیو سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد مسلم طبقہ ہی نہیں بلکہ ہندو طبقہ نے بھی نوپور جے شرما کے خلاف سوشل میڈیا پر آواز بلند کی ہے۔ اوپ انڈیا کی صحافی نوپور کی گرفتاری کا مطالبہ بھی زور پکڑنے لگا ہے۔ دراصل انھوں نے صوفیا واولیا کے خلاف بیان دیتے ہوئے کہا کہ ’’ہندوؤں کو بھی حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ جیسے صوفیاء نے قتل اور عصمت دری کا نشانہ بنایا ہے۔‘‘ اس انتہائی گستاخانہ بیان کے بعد نوپور جے شرما کی گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر ایک مہم سی شروع ہوگئی ہے۔ حالانکہ نوپور نے اپنے بیان پر قائم رہنے کا عزم ظاہر کیا ہے اور ایک اخبار کے مطابق ضرورت پڑنے پر اوپ انڈیا کی مدیر نے عدالت میں اپنے موقف کا دفاع کرنے کی بات بھی کہی ہے۔ بہرحال، سوشل میڈیا پر طرح طرح کے ردعمل نوپور جے شرما کے بیان پر سامنے آرہے ہیں۔ ’گولڈ ولاکس‘ نامی ایکس ہینڈل پر لکھا گیا ہے’’ہندو۔مسلم سبھی لوگ خواجہ غریب نواز کے در پر جاتے ہیں۔ اگر غلط کو غلط بولنے کی ہمت ہے تو ذات و مذہب سے آگے بڑھ کر آواز اٹھائیے۔ ایسے نفرتی لوگ توڑ دیں گے انڈیا کو۔‘‘ اسی طرح اپرنا اگروال نامی خاتون نے ایکس ہینڈل پر لکھاہے’’خواجہ معین الدین چشتی کو خواجہ پیر کی شکل میں پنجاب، ہریانہ، راجستھان میں مانا جاتا ہے۔ پانی کا دیوتا کہا جاتا ہے۔ اور یہ عورت ان کو زانی وقاتل بتارہی ہے؟؟؟ کارروائی ہونی چاہیے اس بی جے پی۔آر ایس ایس حامی پر۔‘‘ ’سمیع اللہ خان نامی ایکس ہینڈل پر بھی نوپور جے شرما کے بیان کی شدید مذمت کی گئی ہے اور مسلم علماء سے سوال بھی کیا گیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں’’میرا سوال ہے تمام مسلم قائدین سے، دیوبندیوں سے بھی اور بریلویوں سے بھی، مسلم سیاستدانوں سے بھی، اس ہندتوا عورت کی زہریلی زبان سے خواجہ غریب نواز چشتیؒ کی شان میں بدترین گستاخی کے جواب میں آپ نے اب تک کیا کیا؟ یہ عورت مرحوم خواجہ غریب نواز کو قاتل اور زانی کہہ رہی ہے!‘‘

## ’یہ آئیڈیا آف انڈیا کی شکست ہے‘

# سپریم کورٹ کے فیصلہ سے محبوبہ مفتی مایوس

سری نگر: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) سپریم کورٹ نے 11 دسمبر کو جموں وکشمیر سے آرٹیکل 370 منسوخ کیے جانے سے متعلق مرکزی حکومت کے فیصلے کو برقرار رکھنے کا فیصلہ سنا دیا ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی صدارت والی پانچ ججوں کی بنچ نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر سے آرٹیکل 370 کو ہٹانے میں کسی آئینی جواز کی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے۔ اب اس فیصلے پر طرح طرح کے ردعمل بھی سامنے آنے شروع ہو گئے ہیں۔ کئی شخصیات نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر خوشی ظاہر کی ہے، تو کئی نے مایوسی کا بھی اظہار کیا ہے۔ جموں و کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر محبوبہ مفتی نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ’’اس فیصلے سے جموں و کشمیر کے لوگ نہ تو ناامید ہونے والے ہیں اور نہ ہی شکست ماننے والے ہیں۔ عزت اور وقار کے لیے ہماری یہ جنگ آگے بھی جاری رہے گی۔ یہ ہمارے لیے آخر نہیں ہے۔‘‘ محبوبہ مفتی نے آرٹیکل 370 سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ’’وطن کے میرے پیارے باشندو امید مت ہارو۔ جموں و کشمیر نے کئی نشیب وفراز دیکھے ہیں۔ سپریم کورٹ کا آج کا فیصلہ منزل نہیں، ایک وقفہ یعنی ٹھہراؤ ہے۔ اسے منزل نہ سمجھیں۔ ہمارے مخالفین چاہتے ہیں کہ ہم مایوس ہو کر شکست کا اعتراف کرلیں۔‘‘ وہ مزید کہتی ہیں کہ ’’سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ آرٹیکل 370 عارضی ہے اس لیے اسے ہٹایا گیا ہے۔ یہ ہماری شکست نہیں ہے بلکہ آئیڈیا آف انڈیا کی شکست ہے۔ اس لیے ہمت نہ ہارو، یہ وقت بھی گزر جائے گا۔‘‘

## جیہ پردہ کی گرفتاری کا حکم


رامپور: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) رامپور کی سابق ایم پی اور فلم اداکارہ جیہ پردہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے دو معاملوں میں پیر کو بھی خصوصی عدالت میں پیش نہیں ہوئیں جس کے بعد عدالت نے انہیں گرفتار کر کے حاضر کرنے کی ہدایت پولیس انتظامیہ کو دی ہے۔ عدالت نے اس کے ساتھ ہی اداکارہ کی ضمانت دینے والوں کو بھی نوٹس جاری کیا ہے۔ جیہ پردہ کے خلاف پانچ بار غیر ضمانتی وارنٹ جاری ہو چکے ہیں۔ ایم پی ایم ایل اے کورٹ میں آج پھر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران جیہ پردہ آج بھی تاریخ پر حاضر نہیں ہوئیں۔ جیہ پردہ پر سال 2019 میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے دو معاملے زیر غور ہیں۔ جیہ پردہ نے 19 اپریل 2019 کو ضلع کے سوار تھانے کے گاؤں نور پور میں ایک سڑک کا افتتاح کیا تھا۔ اس کی ویڈیو بھی وائرل ہوئی تھی۔ اس کی بنیاد پر فلائنگ اسکواڈ ٹیم مجسٹریٹ - 34 سوار ڈاکٹر نیرج کمار پاراشاری نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مقدمہ درج کرایا تھا۔

## غزہ جنگ،نومبر میں اسرائیل کا بجٹ خسارہ بڑھ کر 5.4 بلین ڈالر ہو گیا

اسرائیلی وزارت خزانہ نے اتوار کے روز کہا ہے کہ اسرائیل نے نومبر میں 6.16 بلین شیکل یا تقریباً 5.4 بلین ڈالر کا بجٹ خسارہ ریکارڈ کیا۔ اخراجات میں یہ اضافہ غزہ میں حماس کے خلاف دو ماہ سے جاری جنگ کی مالی اعانت کی وجہ سے ہوا۔ صہیونی وزارت خزانہ نے مزید کہا کہ جی ڈی پی کے فیصد کے طور پر خسارہ پچھلے 12 مہینوں میں بڑھ کر نومبر میں 4.3 فیصد ہو گیا۔ یہ خسارہ اکتوبر میں 6.2 فیصد تھا۔ وزارت کے ایک ذریعہ نے بتایا کہ 2023 کا خسارہ مجموعی گھریلو پیداوار کے تقریباً 4 فیصد تک چلے جانے کی توقع ہے۔ وزارت نے کہا کہ گزشتہ ماہ محصولات میں 6.15 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ جس کی ایک وجہ 7 اکتوبر کو شروع ہونے والی جنگ کے نتیجے میں ٹیکس وصولی میں التوا ہونا ہے۔ اکتوبر میں اسرائیل کا خسارہ 9.22 بلین شیکل تک پہنچ گیا۔

## مدھیہ پردیش میں بڑی سیاسی تبدیلی

# بی جے پی نے شیوراج کی جگہ موہن یادو کو وزیر اعلیٰ بنایا



بھوپال: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) مدھیہ پردیش میں اب ’شیوراج‘ نہیں بلکہ ’موہن راج‘ دیکھنے کو ملے گا۔ بی جے پی نے موہن یادو کو ریاست کا وزیر اعلیٰ بنانے کا فیصلہ لیا ہے۔ بی جے پی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ میں وزیر اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان نے موہن یادو کے نام کی تجویز پیش کی اور ان کی موجودہ اراکین اسمبلی نے حمایت کرتے ہوئے قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کرلیا۔ اس سے ظاہر ہے کہ بی جے پی اعلیٰ قیادت نے موہن یادو کو شیوراج سنگھ چوہان کی جگہ وزیر اعلیٰ بنانے کو مناسب سمجھا۔ بہرحال، وزیر اعلیٰ کے علاوہ ریاست میں دو نائب وزرائے اعلیٰ بھی ہوں گے۔ راجیش شکلا اور جگدیش دیوڑا نائب وزیر اعلیٰ اور سابق مرکزی وزیر نریندر سنگھ تومر کو اسپیکر کی ذمہ داری سونپی جائے گی۔ قابل ذکر ہے کہ موہن یادو آر ایس ایس سے قریب ہیں اور ان کا تعلق مالوہ سے ہے۔ اس بار کے اسمبلی انتخاب میں وہ اجین جنوب سے رکن اسمبلی منتخب ہوئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نامزد کیے جانے کے بعد میٹنگ کو خطاب کرتے ہوئے موہن یادو نے مرکزی قیادت اور ریاستی قیادت کا شکریہ ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی محبت اور تعاون سے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی کوشش کروں گا۔ اس اہم فیصلہ سے قبل بی جے پی اعلیٰ کمان نے آج بھوپال میں مبصرین کی ایک ٹیم بھیجی تھی۔ اس میں ہریانہ کے وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹر، آشا لاکڑا اور کے لکشمن شامل تھے۔ بھوپال پہنچنے کے بعد منوہر لال کھٹر اور دیگر مبصرین وزیر اعلیٰ رہائش پہنچے تھے اور سب سے پہلے شیوراج سنگھ چوہان سے ملاقات کی تھی۔ تب ایسی خبریں سامنے آئی تھیں کہ کھٹر بی جے پی اعلیٰ کمان کا فرمان لے کر دہلی سے پہنچے تھے۔ پارٹی دفتر میں جہاں ایک طرف قانون ساز پارٹی کی میٹنگ چل رہی تھی، وہیں دوسری طرف دفتر کے باہر پرہلاد پٹیل اور شیوراج سنگھ چوہان کے حامی نعرے بازی بھی کررہے تھے۔ وزیر اعلیٰ کی ریس میں وزیر اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان کے ساتھ ہی جیوترادتیہ سندھیا، نریندر سنگھ تومر، کیلاش وجے ورگیہ، پرہلاد پٹیل اور وی ڈی شرما کے نام شامل تھے، لیکن آخر میں موہن یادو کے نام پر مہر لگی۔

## مہوا موئترا پارلیمانی رکنیت منسوخ کیے جانے کے خلاف سپریم کورٹ پہنچیں

نئی دہلی: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) لوک سبھا کی رکنیت رد کیے جانے سے ناراض ترنمول کانگریس کی لیڈر مہوا موئترا سپریم کورٹ پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے عدالت عظمیٰ میں ایک عرضی داخل کی ہے جس میں اپنے خلاف اخلاقیات کمیٹی کی سفارش اور اس کے بعد لوک سبھا سے تجویز پاس ہونے کو غلط بتایا ہے۔ واضح رہے کہ ’کیش فار کویری‘ یعنی پیسہ لے کر سوال پوچھنے کے معاملے میں مہوا موئترا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے لوک سبھا سے ان کی رکنیت رد کردی گئی ہے۔ حالانکہ انھوں نے اپنے اوپر لگے سبھی الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔ دراصل لوک سبھا کی اخلاقیات کمیٹی نے اپنی جانچ میں پایا ہے کہ مہوا موئترا نے بزنس مین درشن ہیرانندانی کو پارلیمنٹری لاگ اِن آئی ڈی۔ پاسورڈ دیے۔ ٹی ایم سی لیڈر کے ذریعہ ایسا کرنے کی وجہ سے ملک کی قومی سیکورٹی کو خطرہ پہنچا۔ اخلاقیات کمیٹی نے یہ بھی پایا کہ مہوا کو لاگ اِن آئی ڈی۔ پاسورڈ دینے کے بدلے میں ہیرانندانی کے ذریعہ نقد اور تحائف بھی ملے۔ ان باتوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے اخلاقیات کمیٹی نے مہوا کی پارلیمانی رکنیت رد کردی۔ مہوا موئترا نے اخلاقیات کمیٹی کے فیصلے کے بعد کہا کہ کمیٹی کے پاس ان کی رکنیت رد کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اس بات کے بھی کوئی ثبوت نہیں ہیں کہ انھوں نے بزنس مین ہیرانندانی سے نقد لیا ہے۔ اس الزام کو سب سے پہلے بی جے پی رکن پارلیمنٹ نشیکانت دوبے نے لگایا تھا جس پر کارروائی کرتے ہوئے مہوا کی لوک سبھا رکنیت گئی۔ حالانکہ مہوا کا کہنا ہے کہ انھیں ہیرانندانی اور ان کے سابق پارٹنر جئے اننت دیہادرئی کے ساتھ سوال و جواب کا بھی موقع نہیں ملا۔

## آبکاری پالیسی معاملہ: منیش سسودیا کو نہیں ملی راحت

## عدالتی حراست میں 10 جنوری تک توسیع

نئی دہلی: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) دہلی کی ایک عدالت نے آبکاری گھوٹالہ معاملے میں گرفتار کیے گئے دہلی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کی عدالتی حراست پیر کے روز 10 جنوری تک بڑھادی۔ عدالت نے معاملے کو 10 جنوری کو آگے کی سماعت کے لیے فہرست بند کرتے ہوئے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کے وکیل کو اس سے متعلق اضافی دستاویز داخل کرنے کی اجازت بھی دی۔ قابل ذکر ہے کہ 21 نومبر کو عدالت نے ملزمین کلدیپ سنگھ، وجئے نایر، سمیر مہندرو، راجیش جوشی اور دیگر کے وکلا کو سی بی آئی ہیڈکوارٹر میں دہلی آبکاری پالیسی معاملے میں اضافی دستاویزات کا تجزیہ کرنے کی ہدایت دی تھی۔ عدالت نے کہا تھا کہ کئی دستاویز زیر التوا ہیں اور ملزمین کے لیے مالیاتی جانچ ایجنسی کے ذریعہ داخل کیے جانے ہیں۔ ساتھ ہی عدالت نے یہ بھی کہا تھا کہ معاملے کی سماعت جلد از جلد شروع ہونی چاہیے۔ واضح رہے کہ جولائی میں ہائی کورٹ نے 22-2021 آبکاری پالیسی معاملے میں سسودیا کو ضمانت دینے سے انکار کردیا تھا۔ جسٹس دنیش کمار شرما کی بنچ نے کہا تھا کہ سسودیا انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ (پی ایم ایل اے) کے تحت ضمانت دینے کی شرطوں کے ٹرپل ٹیسٹ کو پورا کرنے میں اہل نہیں ہیں۔

## اسرائیل-حماس جنگ:

## نیتن یاہو نے حماس سے کی خودسپردگی کی اپیل

غزہ: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو نے حماس جنگجو سے اسرائیلی فوجیوں کے سامنے خودسپردگی کرنے اور غزہ میں حماس لیڈر یحییٰ شنوار کے لیے اپنی زندگی کی قربانی نہیں دینے کی گزارش کی۔ دراصل اسرائیل ڈیفنس فورس (آئی ڈی ایف) کے فوجی جنوبی غزہ میں خان یونس علاقہ میں داخل ہو گئے ہیں جہاں شنوار کے پوشیدہ ہونے کی اطلاع ہے۔ نیتن یاہو کا بیان آئی ڈی ایف چیف آف اسٹاف ہرجی حلیوی کے ایک بیان کے بعد آیا ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ ایسے اشارے ہیں کہ حماس ختم ہورہا ہے۔ وزیر اعظم نیتن یاہو نے اتوار کو ایک ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ ’’گزشتہ کچھ دنوں میں حماس کے درجنوں جنگجوؤں نے ہماری فوج کے سامنے خودسپردگی کردی ہے۔ انھوں نے اپنے اسلحے ڈال دیے اور خود کو ہمارے بہادر فوجیوں کے حوالے کردیا۔‘‘ واضح رہے کہ آئی ڈی ایف خان یونس علاقہ میں ہر گھر کی تلاشی لے رہا ہے کیونکہ ایسی خفیہ رپورٹس تھیں کہ یحییٰ شنوار خود کو چھپا کر انسانی امدادی گاڑی میں جنوبی غزہ بھاگ گیا تھا۔ اسرائیل کے وزیر دفاع یوف گیلنٹ نے اس سے قبل ایک بیان میں کہا تھا کہ یحییٰ شنوار کو مار دیا جائے گا۔

## غزہ سے تقریباً 16 ہزار افراد رفح سرحد عبور کر کے مصر پہنچے

رفح: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) اسرائیل اور حماس کے درمیان تنازع کی وجہ سے نومبر کے آغاز سے اب تک تقریباً 16 ہزار لوگ رفح سرحد عبور کر کے غزہ کی پٹی سے مصر میں داخل ہو چکے ہیں۔ مصر کی اسٹیٹ انفارمیشن سروس (ایس آئی ایس) نے پیر کو یہ اطلاع دی۔ ایس آئی ایس نے ایک بیان میں کہا، ’’نومبر کے بعد سے، مصر نے 858,12 غیر ملکی شہریوں اور دوہری شہریت والے افراد کو رفح بارڈر کراسنگ میں داخل ہونے کی اجازت دی ہے۔‘‘ بیان کے مطابق، 715 مریض اور 558 افراد ان کے ساتھ غزہ کی پٹی سے مصر پہنچے۔ اس کے علاوہ 800,1 سے زائد مصری انکلیو سے اپنے وطن واپس لوٹ گئے۔ قطر نے 24 نومبر کو اسرائیل اور حماس کے درمیان عارضی جنگ بندی اور کچھ قیدیوں اور یرغمالیوں کے تبادلے کے ساتھ ساتھ غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کی ترسیل کے معاہدے کی ثالثی کی۔ جنگ بندی میں کئی بار توسیع کی گئی اور یکم دسمبر کو ختم ہوئی۔

## قومی اتحاد مستحکم ہوگا: آرایس ایس

نئی دہلی: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ (آرایس ایس) نے پیر کے دن کہا کہ دفعہ 370 پر سپریم کورٹ کے فیصلہ سے قومی اتحاد مستحکم ہوگا۔ آرایس ایس کے آل انڈیا پبلسٹی ہیڈ سنیل آمبیکر نے ایک بیان میں کہا کہ آرایس ایس شروع سے ہی دستور کی دفعہ 370 کی مخالف رہی ہے۔ سپریم کورٹ کا دفعہ 370 کی برخاستگی کو جائز ٹھہرانا‘ خوش آئند ہے۔ راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ اس فیصلہ کا خیر مقدم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرایس ایس نے کئی قراردادیں منظور کی تھیں اور جموں وکشمیر کو خصوصی موقف عطا کرنے والی دفعہ کی برخاستگی کے مطالبہ پر زور دینے کے لئے چلائی گئی تمام تحریکوں میں حصہ لیا تھا۔

## عتیق احمد کی بہن کا مکان ضبط

میرٹھ (یوپی): 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) جرائم پیشہ سرغنہ سے سیاستداں بنے مقتول عتیق احمد کی بہن عائشہ نوری اور بہنوئی اخلاق کے مکان کو پولیس نے ضبط کرلیا ہے۔ ایک عہدیدار نے پیر کے دن یہ بات بتائی۔ یہ دونوں وکیل اومیش پال کے قتل کے ملزمین ہیں۔ 2005 میں بی ایس پی رکن اسمبلی راجو پال کے قتل کیس کے اصل گواہ اومیش پال کو 24 فروری کو پریاگ راج میں دن دہاڑے گولی مار کر ہلاک کردیا گیا تھا۔

## آرٹیکل 370 پر عدالت کے فیصلے سے کانگریس پارٹی کا عدم اتفاق

نئی دہلی: 11 / ڈسمبر (ایجنسیز) کانگریس نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں آرٹیکل 370 کو ہٹانے کے مودی حکومت کے فیصلے کو سپریم کورٹ نے جس طرح برقرار رکھا ہے، اس سے پارٹی احترام کے ساتھ متفق نہیں ہے۔ سینئر کانگریس قائدین پی چدمبرم اور ابھیشیک منوسنگھوی نے پیر کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں جموں وکشمیر سے آرٹیکل 370 کو ہٹانے کے سپریم کورٹ کے فیصلے سے عدم اتفاق کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی اعلیٰ ترین پالیسی ساز ادارہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا عزم ہے کہ آرٹیکل 370 اس وقت تک احترام کا مستحق ہے جب تک کہ ہندوستان کے آئین کے مطابق اس میں ترمیم نہیں کی جاتی۔ مسٹر چدمبرم نے کہا کہ ’’ہم اس فیصلے سے بھی مایوس ہیں کہ سپریم کورٹ نے ریاست کو دو مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تقسیم کرنے کے سوال پر فیصلہ نہیں کیا۔ کانگریس نے جموں وکشمیر کو مرکز کے زیر انتظام علاقہ بنانے کے مرکز کے فیصلے کی ہمیشہ مخالفت کی ہے اور جموں وکشمیر کو مکمل ریاست کا درجہ بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ہم اس سلسلے میں عدالت عظمیٰ کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ جموں وکشمیر کی مکمل ریاست کا درجہ فوری طور پر بحال کیا جائے اور لداخ کے لوگوں کی امنگوں کو بھی پورا کیا جائے۔ انہوں نے سپریم کورٹ کی طرف سے اسمبلی انتخابات کرانے کی ہدایت کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ریاست میں فوری طور پر اسمبلی انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ ہے کیونکہ ہندوستان کے ساتھ الحاق کا عمل آزادی کے بعد مکمل ہوا تھا۔ جموں وکشمیر کے لوگ ہندوستانی شہری ہیں اور کانگریس ریاست کی سلامتی، امن، ترقی کے لیے کام کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ مسٹر سنگھوی نے کہا کہ ’’ہم سپریم کورٹ کے فیصلے کے سامنے جھکتے ہیں، لیکن ملک کے ایک عام شہری کے طور پر میں کہہ سکتا ہوں کہ اس فیصلے میں تضاد ہے۔ فیصلے میں یہ نہیں بتایا گیا کہ ریاست کی حیثیت کو کیوں گھٹا کر اسے یونین ٹیریٹری بنایا گیا ہے، جب کہ دوسری طرف عدالت لداخ کو یونین ٹیریٹری بنانے کے فیصلے کو درست مانتی ہے۔ ایک ہی ریاست کے کسی حصے کو یونین ٹیریٹری بنانے کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ دینا اور پھر اسی ریاست کے دوسرے حصے کو یونین ٹیریٹری بنانے کا جواز پیش کرنا تضاد ہے۔ یہ ایک آئینی غلطی معلوم ہوتی ہے۔ فیصلے میں ایک طرف سرکاری یقین دہانی کو قبول کیا گیا ہے تو دوسری جانب آئندہ ستمبر تک انتخابات کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔


Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

